6122-لڑکی نے والدین کے علم کے بغیر شادی کرلی

سوال

کیا خفیہ شادی کرنا جائز ہے ؟

میری سہیلی نے مسجد میں جاکرایک گواہ کی موجودگی میں والدین کے علم کے بغیر شادی کرلی توکیا یہ شادی قائم ہے ؟

میں جواب چاہتی ہوں اللہ تعالی آپ کوبرکت سے نوازے

پسندیدہ جواب

الحمد للہ

شادی میں ولی اوردوگواہوں کی موجودگی ضروری
ہے کیونکہ حدیث شریف میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

(ولی کے بغیر نکاح نہیں ہوتا) ۔

اورایک حدیث میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

(جوعورت بھی اپنے ولی کی اجازت کے بغیر شادی کرے اس کا نکاح باطل ہے) ۔

تواس بنا پرضروری ہے کہ اگرولی اس پرراضی ہوتودوعادل گواہوں کی موجودگی
میں نکاح کی تجدید کی جائے ۔

آپ مزید تفصیل دیکھنے کے لیے سوال نمبر (
2127) کے جواب کا مطالعہ
کریں ۔

واللہ اعلم .